"یقیناً ہم نے اس قرآن کو عربی (زبان) میں نازل کیا ہے تاکہ تم (اسے اچھی طرح) سمجھ سکو۔"
(یوسف 12: آیت 2)

عربی سیکھئے

قرآن و نماز کی دعاؤں سے

الاعلام الاسلامی

قرآن اور نماز کی دعاؤں سے عربی سیکھئے

جمع وترتیب : مولانا امان اللہ فیصل و مولانا مشتاق احمد شاکر
و مولانا عمر فاروق حفظہم اللہ تعالیٰ

نظر ثانی : شیخ الحدیث مولانا محمود احمد حسن حفظہ اللہ تعالیٰ
و شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد یوسف قصوری حفظہ اللہ تعالیٰ

معاونین : مولانا محمد عمر و سید عبد الودود حفظہما اللہ تعالیٰ

زیر نگرانی : محمد عبید اللہ عبد اللہ حفظہ اللہ تعالیٰ

ناشر : الاعلام الاسلامی
کمرہ نمبر **10**، دوسری منزل، گلشن ٹیرس (بلڈنگ)، نزد جامع کلاتھ مارکیٹ
ایم اے جناح روڈ، کراچی۔ فون: **32627369 / 32210209**

طلب کیجئے .... تقسیم کیجئے .... ثوابِ دارین حاصل کیجئے

بطورِ صدقۂ جاریہ آپ یہاں ⬆ اپنا یا اپنے مرحومین کا نام لکھ کر یا صرف نیت کر کے تقسیم کیجئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ ھَدٰىنَا لِھٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَآ اَنْ ھَدٰىنَا اللّٰهُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ

اس کتاب سے فائدہ اٹھانے کا طریقہ

پیارے بہن بھائیو .... السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

ہم نے عام لوگوں کی سہولت کے پیشِ نظر عربی قواعد (گرامر) کے متعلق اہم اسباق (حصہ اوّل) کتاب کے شروع میں دیئے ہیں۔ان اسباق کوروزانہ پڑھیئے اور ذہن میں بٹھائیے پھران کی روشنی میں خودقرآن کریم کی آیات کا خودترجمہ کرنے کی کوشش کیجئے۔اطمینان کے لئے کسی مستند عالم دین کے ترجمہ سے اپنے ترجمہ کوملا کر چیک کیجئے۔(سلیس اردو ترجمہ قرآن یا مختصر تفسیر ابن کثیر سورہ فاتحہ وعمّ پارہ ہم سے بھی طلب کر سکتے ہیں)۔اس عمل سے ان شآءاللہ العزیز چند ہی ماہ میں آپ قرآن کریم اور دیگر عربی عبارتوں کوسمجھنے لگیں گے، پیغام الٰہی کے مفہوم کوسمجھنے کی بدولت آپ کوقرآن مجید کی تلاوت کا اصل لطف آئے گا، آپ کا سینہ قرآن کریم کے نور سے منور ہوگا اور آپ کو یہ احساس ہوگا کہ آپ اب تک اللہ تعالیٰ کی کتنی عظیم نعمت سے ناواقف تھے۔

عربی زبان سیکھنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ روزانہ بار بار اللہ تعالیٰ سے یہ دعا بھی مانگتے رہئے کہ اللہ ربّ العزّت آپ کے سینہ کوقرآن کریم اور سنت نبوی کے لئے کھول دے۔

قرآن مجید میں بہت سے الفاظ 2 یا زائد معانی میں استعمال ہوئے ہیں۔سیاق وسباق سے معلوم ہو جاتا ہے کہ کہاں کون سالفظ کس معنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔

ہم نے اس کتاب کے آخر (حصہ سوم) میں نماز میں پڑھی جانے والی دعاؤں کا ترجمہ بھی دیا ہے۔نماز کی دعاؤں کا ترجمہ یاد کریں پھر دیکھیں کہ نماز پڑھنے میں کیا لطف آتا ہے اور اللہ ربّ العزّت سے تعلق کتنا مضبوط ہوتا ہے۔ان شآءاللہ تعالیٰ۔

اللہ کریم سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کوانتہائی فائدہ مند بنائے،ہم سب کوقرآن فہمی کا شعور بخشے، قرآن کریم کو ہمارے دلوں کی بہار، سینوں کا نور، ہر قسم کے غم اور فکر کو دور کرنے کا سبب بنائے اور ہمیں اس پر عمل کرتے ہوئے نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائے۔اللہ عزّ وجل ہم سے یہ خدمت قبول فرماتے ہوئے اسے تمام مسلمانوں کے لئے صدقہ جاریہ بنادے۔آمین ثم آمین۔

خادم قرآن وحدیث : محمد عبید اللہ عبد اللہ

مقدمہ

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ: اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

فرمانِ الٰہی ہے:-(ترجمہ)

(ترجمہ)''جب وہ (حضرت سلیمان علیہ السلام) چیونٹیوں کی ایک وادی میں پہنچے تو ایک چیونٹی نے کہا: اے چیونٹیو، تم سب اپنے اپنے بلوں میں گھس جاؤ، ایسا نہ ہو کہ سلیمان (علیہ السلام) اور ان کا لشکر تمہیں بے خبری میں روند ڈالے۔ سلیمان (علیہ السلام) اس (چیونٹی) کی اس بات پر مسکرا کر ہنس دیئے اور دعا کرنے لگے: اے میرے پروردگار، مجھے توفیق عطا فرما کہ میں آپ کی نعمتوں کا شکر بجالاؤں جو آپ نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی ہیں اور میں ایسے نیک اعمال کرتا رہوں جو آپ کو پسند ہوں اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں شامل فرمالیجئے۔''

(سورہ النمل 27: آیت 18 تا 19)

اس آیت مبارکہ میں اللہ کے جلیل القدر پیغمبر حضرت سلیمان علیہ السلام کا ذکر خیر ہے جو اپنے وقت کے ایک صاحب جاہ حشم، ذی سطوت وشوکت بادشاہ اور اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ و پسندیدہ نبی تھے۔ وہ ایک دفعہ اپنے لشکر کے ساتھ جو کہ انسانوں، جنوں اور پرندوں پر مشتمل تھا عازم سفر ہوئے۔ راستے میں چیونٹیوں کی ایک وادی سے گزر ہوا، ایک چیونٹی نے انہیں دیکھ کر باقی چیونٹیوں کو اپنے اپنے بلوں میں چلے جانے کا مشورہ دیا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام چیونٹی کی بات سنتے ہی جذبہ تشکر وامتنان سے سرشار ہو کر پکار اٹھے: اے میرے پروردگار، مجھے اس نعمت پر شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرما۔

مقام غور ہے کہ پرندوں کی بولی سکھائی جانے پر حضرت سلیمان علیہ السلام اس قدر فرحت کے ساتھ دست بہ دعا ہیں تو جس انسان کو اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک اور نبی رحمۃ للعالمین اور اہل جنت کی بولی سیکھنے کا موقع عنایت فرمادیں اسے کس قدر اللہ ربّ العزّت کا شکر ادا کرنا چاہئے۔ اہل جنت کی آپس میں گفتگو بھی عربی زبان میں ہوگی۔

فرمانِ الٰہی ہے:-(ترجمہ)''اس (جنت) میں ان کی زبان سے یہ بات نکلے گی''سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ''(اے اللہ، آپ پاک ہیں) اور ان کا باہمی سلام یہ ہوگا''اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ''(تم پر سلامتی ہو) اور ان کی آخری بات یہ ہوگی: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔''(یونس 10: آیت 10)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے:-''عربی زبان سیکھو (اس لئے کہ تمہارا دین عربی زبان میں ہے)۔'' (بیہقی۔ عن ابی عثمان رحمۃ اللہ علیہ)

زیر نظر کتاب عربی زبان کی اسی اہمیت کے پیش نظر مرتب کی گئی ہے۔ عربی زبان کی تعلیم وترویج اور قرآن فہمی کے لئے اب تک جتنی کتابیں میرے زیر مطالعہ رہی ہیں، میں نے یہ کتاب ان سب سے بہترین پائی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے مرتبین، معاونین، مصاحبین اور منتظمین کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اس ادارہ کو دن دگنی، رات چوگنی ترقی و خوشحالی عطا فرمائے اور اس عظیم کاوش کو اللہ تعالیٰ قبول عام بناتے ہوئے سب کی نجات کا ذریعہ بنائے۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَ تُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ
وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اٰمِین

فقط: شیخ القرآن والحدیث مولانا محمود احمد حسن

حصّہ اوّل : عربی گرامر (قواعد صرف ونحو) کے اہم اسباق

سبق نمبر 1

مبتدا اور خبر

جس کلام سے پوری بات سمجھ میں آجائے اسے جملہ کہتے ہیں۔جس جملہ کے شروع میں اسم ہو اسے جملہ اسمیہ اور جس کے شروع میں فعل ہو اسے جملہ فعلیہ کہتے ہیں جیسے : اَللّٰہُ خَالِقٌ (اللہ خالق ہے) جملہ اسمیہ ہے اور خَلَقَ اللّٰہُ (اللہ نے پیدا کیا) جملہ فعلیہ ہے۔ جملہ اسمیہ کے پہلے جز کو مبتدا کہتے ہیں اور یہ عموماً معرفہ (خاص چیز کے لئے استعمال) ہوتا ہے اور دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں اور یہ عموماً نکرہ (عام چیز کے لئے استعمال) ہوتا ہے۔مبتدا مذکر ہوتو خبر بھی مذکر ہوگی، مبتدا مؤنث ہوتو خبر بھی مؤنث ہوگی۔

جملہ اسمیہ (مبتدا اور خبر) کی مثالیں :

اَللّٰہُ غَفُوْرٌ	مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ	اَللّٰہُ عَلِیْمٌ
اللہ خوب بخشنے والا ہے	محمد (ﷺ) رسول ہیں	اللہ خوب جاننے والا ہے

اوپر کے تمام الفاظ مذکر ہیں۔جس طرح ہم اردو میں مرد کے لئے جمیل اور عورت کے لئے جمیلہ استعمال کرتے ہیں اسی طرح عربی میں بھی مؤنث ہوتو اس کی علامت ’’ۃ‘‘ لگائی جاتی ہے جیسے :

رَجُلٌ مُسْلِمٌ	اِمْرَءَۃٌ مُسْلِمَۃٌ	رَجُلٌ مُؤْمِنٌ	اِمْرَءَۃٌ مُؤْمِنَۃٌ
مسلمان مرد	مسلمان عورت	مومن مرد	مومنہ عورت

عربی میں کسی اسم میں خصوصیت پیدا کرنے کے لئے ’’ال‘‘ استعمال کیا جاتا ہے جس طرح انگریزی میں The استعمال ہوتا ہے۔لفظ کے شروع میں ’’ال‘‘ کے لگا دینے سے 2 پیش کی جگہ ایک پیش باقی رہے گا۔مثلاً :

رَجُلٌ	اَلرَّجُلُ	حَسَنَۃٌ	اَلْحَسَنَۃُ
آدمی	خاص آدمی	نیکی	خاص نیکی

سبق نمبر 2

مضاف اور مضاف الیہ

یہ 2 اسموں کا مرکب ہوتا ہے جس میں پہلے اسم کی دوسرے کی طرف نسبت کی جاتی ہے۔ پہلے اسم کو **مضاف** اور دوسرے کو **مضاف الیہ** کہتے ہیں۔ اس مرکب کا اردو ترجمہ کرتے وقت درمیان میں ''کا، کی، کے'' آتا ہے۔

مضاف، مضاف الیہ کی مثالیں :

كِتَابُ اللّٰهِ	قَوْمُ هُوْدٍ	عِبَادُ اللّٰهِ
اللہ کی کتاب	ہود کی قوم	اللہ کے بندے
يَوْمُ الْقِيَامَةِ	بَيْتُ اللّٰهِ	رَحْمَةُ اللّٰهِ
قیامت کا دن	اللہ کا گھر	اللہ کی رحمت

مضاف ہمیشہ **مضاف الیہ** سے پہلے آتا ہے اور اس پر نہ ''اَل'' آتا ہے نہ '' تنوین'' (2 زبر، 2 زیر، 2 پیش)۔

مضاف الیہ ہمیشہ **مضاف** کے بعد آتا ہے اور اس کے آخری حرف کے نیچے زیر ہوتا ہے۔ جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے واضح ہے۔

مضاف ، مضاف الیہ پورا جملہ نہیں بلکہ جملے کا ایک جز (حصہ) ہوتا ہے۔

کبھی ایک ہی جملے میں کئی **مضاف الیہ** بھی آجاتے ہیں۔ جیسے : مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ (جزا کے دن کا مالک)۔ **مضاف** کی صفت لانی ہو تو ہمیشہ **مضاف الیہ** کے بعد لائی جاتی ہے جیسے : نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ (اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ)۔ یہاں اَلْمُوْقَدَةُ ۔ نَارُ کی صفت ہے۔

سبق نمبر 3

موصوف اور صفت

یہ 2 اسموں کا مرکب ہوتا ہے جس میں سے دوسرا اسم پہلے کی کوئی صفت بیان کرتا ہے۔

موصوف، صفت کی مثالیں :

كِتَابٌ مُبِيْنٌ	عَرْشٌ عَظِيْمٌ	رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ	اَلصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ
واضح کتاب	عظیم عرش	امانت دار رسول	سیدھی راہ
رَبٌّ غَفُوْرٌ	مَتَاعٌ قَلِيْلٌ	اُمَّةٌ مُّسْلِمَةٌ	قَمَرًا مُّنِيْرًا
بہت بخشنے والا رب	بہت کم فائدہ	مسلمان امت	روشن چاند

اردو زبان میں **صفت** پہلے آتی ہے اور **موصوف** بعد میں جیسے : سچا مسلمان۔ لیکن عربی زبان میں اس کی ترتیب الٹ ہوتی ہے یعنی **موصوف** پہلے آتا ہے اور **صفت** بعد میں۔ جیسا کہ مندرجہ بالا مثالوں سے واضح ہے۔

موصوف پر جو اعراب (زبر، زیر، پیش، تنوین) ہوتا ہے، **صفت** پر بھی وہی اعراب آتا ہے۔

موصوف معرفہ (خاص) ہو تو **صفت** بھی معرفہ ہوتی ہے۔ **موصوف نکرہ** (عام) ہو تو **صفت** بھی نکرہ ہوتی ہے جیسے : اَلْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ (جوش مارتا ہوا سمندر)،

لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ (بابرکت رات)۔

موصوف مذکر ہو تو **صفت** بھی مذکر ، **موصوف** مؤنث ہو تو **صفت** بھی مؤنث ، **موصوف** واحد ہو تو **صفت** بھی واحد، **موصوف** تثنیہ (دو عدد) ہو تو **صفت** بھی تثنیہ اور **موصوف** جمع ہو تو **صفت** بھی جمع آتی ہے جیسے :

رَجُلٌ عَالِمٌ	رَجُلَانِ عَالِمَانِ	رِجَالٌ عَالِمُوْنَ
علم رکھنے والا ایک آدمی	علم رکھنے والے 2 آدمی	علم رکھنے والے سب آدمی

سبق نمبر 4

اسمائے موصولہ

جو الفاظ جملہ میں داخل ہو کر اس کے مقصد کو واضح کر دیتے ہیں انہیں **اسمائے موصولہ** کہتے ہیں۔ ان میں سے کچھ مذکر اور کچھ مؤنث کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

اسمائے موصولہ مندرجہ ذیل ہیں :

مذکر	ترجمہ	مؤنث	ترجمہ
اَلَّذِیْ	وہ مرد	اَلَّتِیْ	وہ عورت
اَلَّذَانِ	وہ 2 مرد	اَلَّتَانِ	وہ 2 عورتیں
اَلَّذِیْنَ	وہ سب مرد	اَلّٰتِیْ	وہ سب عورتیں

اسمائے موصولہ کی مثالیں :

اَلَّذِیْ	اَلَّذِیْ جَعَلَ	وہ (اللہ) کہ جس نے بنایا
اَلَّذَانِ	اَلَّذَانِ یَاْتِیٰنِهَا	وہ 2 مرد جو اس کو لائیں
اَلَّذِیْنَ	اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ	وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں
اَلَّتِیْ	اَلَّتِیْ وَقُوْدُهَا	وہ (جہنم) کہ جس کا ایندھن
اَلَّتَانِ	اَلَّتَانِ تَاْتِیَانِهَا	وہ 2 عورتیں جو اس کو لائیں
اَلّٰتِیْ	اَلّٰتِیْٓ اَرْضَعْنَكُمْ	وہ عورتیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا

اسمائے موصولہ اکیلے جملے کا جز نہیں بنتے بلکہ اپنے صلہ (مابعد) سے مل کر جملے کا جز بنتے ہیں جیسے : یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ (اے لوگو، اپنے اس رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں پیدا کیا)۔ الَّذِیْ اسم موصولہ اور خَلَقَكُمْ اس کا صلہ ہے جس کے ساتھ مل کر یہ جملے کا جز بنا ہے۔

سبق نمبر 5

اسمائے اشارہ

عربی زبان میں کچھ الفاظ اشارہ کرنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں جنہیں **اسمائے اشارہ** کہتے ہیں۔ ان میں سے کچھ مذکر، کچھ مؤنث، کچھ قریب اور کچھ دور کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

اسمائے اشارہ قریب :

مذکر	ترجمہ	مؤنث	ترجمہ
هٰذَا	یہ ایک مرد	هٰذِهٖ	یہ ایک عورت

هٰٓؤُلَآءِ   یہ سب مرد/ یہ سب عورتیں

اسمائے اشارہ بعید (دُور) :

مذکر	ترجمہ	مؤنث	ترجمہ
ذٰلِكَ	وہ ایک مرد	تِلْكَ	وہ ایک عورت

اُولٰٓئِكَ   وہ سب مرد/ وہ سب عورتیں

نوٹ: اشارہ قریب هٰٓؤُلَآءِ اور اشارہ بعید اُولٰٓئِكَ جمع مذکر اور جمع مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

اسمائے اشارہ قریب و بعید کی مثالیں :

مذکر	ترجمہ	مؤنث	ترجمہ
هٰذَا كِتَابٌ	یہ ایک کتاب ہے	هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ	یہ ایک نصیحت ہے
هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآءُ نَا	یہ ہمارے سفارشی ہیں	هٰٓؤُلَآءِ بَنَا تِیْ	یہ میری بیٹیاں ہیں
ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ	وہ اللہ کا فضل ہے	تِلْكَ اُمَّةٌ	وہ ایک امت ہے
اُولٰٓئِكَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ	وہی جنت والے ہیں	اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ	انہی کے لئے بخشش ہے

جس چیز یا شخص کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اسے عربی زبان میں مُشَارٌ اِلَیْهِ کہتے ہیں وہ خاص اور معین ہوتا ہے جیسے: هٰذَا الْوَلَدُ (یہ لڑکا)، ذٰلِكَ الرَّجُلُ (وہ آدمی)۔

سبق نمبر 6

ضمائر

وہ الفاظ جو کسی نام کی جگہ استعمال کیئے جاتے ہیں انہیں **ضمائر** کہتے ہیں۔ کچھ **ضمائر** مذکر، کچھ مؤنث ، کچھ غائب ، کچھ حاضر اور کچھ متکلم کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

ضمائر مذکر غائب	مثالیں	ضمائر مؤنث غائب	مثالیں
هُوَ	هُوَ خَيْرٌ	هِيَ	هِيَ عَصَايَ
وہ ایک مرد	وہ بہتر ہے	وہ ایک عورت	وہ میری لاٹھی ہے
هُمَا	هُمَا فِي الْغَارِ	هُمَا	هُمَا فِي الْغَارِ
وہ 2 مرد	وہ دونوں غار میں	وہ 2 عورتیں	وہ دونوں غار میں
هُمْ	هُمْ يُوْقِنُوْنَ	هُنَّ	هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ
وہ سب مَرد	وہ یقین رکھتے ہیں	وہ سب عورتیں	وہ کتاب کی اصل ہیں

ضمائر مذکر حاضر	مثالیں	ضمائر مؤنث حاضر	مثالیں
اَنْتَ	اَنْتَ مَوْلٰنَا	اَنْتِ	اَنْتِ عَلَى الْحَقِّ
آپ (مرد)	آپ ہی ہمارے مولا ہیں	تو ایک عورت	تو حق پر ہے
اَنْتُمَا	اَنْتُمَا وَ مَنِ اتَّبَعَكُمَا	اَنْتُمَا	اَنْتُمَا وَ مَنِ اتَّبَعَكُمَا
تم 2 مرد	تم دونوں اور تمہارے پیروکار	تم 2 عورتیں	تم دونوں اور تمہارے پیروکار
اَنْتُمْ	اَنْتُمْ وَ اٰبَاؤُكُمْ	اَنْتُنَّ	اَنْتُنَّ مُسْلِمَاتٌ
تم سب مرد	تم اور تمہارے باپ	تم سب عورتیں	تم مسلمان عورتیں ہو

ضمیر مذکر و مؤنث واحد متکلم	مثال	ضمیر مذکر و مؤنث تثنیہ و جمع متکلم	مثال
اَنَا	اَنَا اَخُوْكَ	نَحْنُ	نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ
میں	میں آپ کا بھائی ہوں	ہم	ہم ہی تمہیں رزق دیتے ہیں

سبق نمبر 7

فعل فاعل مفعول

جس لفظ سے کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے اسے عربی زبان میں **فعل** کہتے ہیں۔

فعل کی 3 اقسام ہیں:

❶ **ماضی:** وہ فعل ہے جس سے گزشتہ زمانہ میں کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے جیسے: نَصَرَ (اس نے مدد کی)۔

❷ **مضارع** : وہ فعل ہے جس میں زمانہ حال یا مستقبل میں کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے جیسے: یَنْصُرُ (وہ مدد کرتا ہے یا کرے گا)۔

❸ **امر:** وہ فعل ہے جس سے زمانہ مستقبل میں کسی کام کو کرنے کا کہا جائے جیسے: اُنْصُرْ (مدد کیجئے)۔

فاعل: کام کرنے والے کو کہتے ہیں اور **مفعول** جس پر کام کیا جائے جیسے:

صَدَقَ اللّٰـهُ وَعْـدَهٗ (اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا)۔ اس مثال میں صَدَقَ فعل اللّٰهُ فاعل ہے اور وَعْدَهٗ مفعول ہے۔

عربی زبان میں جب کسی جملے کی ابتدا فعل سے ہو رہی ہو اسے جملہ فعلیہ کہتے ہیں۔ اس جملے میں پہلے فعل پھر فاعل اور بعد میں مفعول آتا ہے۔ کبھی جملہ فعل اور فاعل پر ہی مکمل ہو جاتا ہے۔ فاعل پر ایک پیش یا 2 پیش اور مفعول پر ایک زبر یا 2 زبر لگائے جاتے ہیں جیسے:

فعل	فاعل	مفعول
قَتَلَ	دَاوٗدُ	جَالُوْتَ

قتل کیا داؤد نے جالوت کو۔

اس جملے میں ''قتل کیا'' **فعل** ہے۔ ''داؤد'' **فاعل** ہے۔ ''جالوت'' **مفعول** ہے۔

سبق نمبر 8

فعل ماضی معروف

ماضی گزرے ہوئے زمانہ کو کہتے ہیں۔ **فعل ماضی معروف** سے مراد وہ کام ہے جو گزرے ہوئے زمانہ میں کسی نے کیا ہو اور اس کا کرنے والا بھی معلوم ہو جیسے : **ذَهَبَ** (وہ گیا)۔ یعنی اس نے جانے کا فعل گزرے ہوئے زمانہ میں کیا۔

فعل ماضی معروف کے 14 صیغے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں :

عَبَدَ	عبادت کی اس ایک مرد نے	عَبَدْتُمَا	عبادت کی تم 2 مَردوں نے
عَبَدَا	عبادت کی ان 2 مَردوں نے	عَبَدْتُمْ	عبادت کی تم سب مَردوں نے
عَبَدُوا	عبادت کی ان سب مَردوں نے	عَبَدْتِ	عبادت کی تو ایک عورت نے
عَبَدَتْ	عبادت کی اس ایک عورت نے	عَبَدْتُمَا	عبادت کی تم 2 عورتوں نے
عَبَدَتَا	عبادت کی ان 2 عورتوں نے	عَبَدْتُنَّ	عبادت کی تم سب عورتوں نے
عَبَدْنَ	عبادت کی ان سب عورتوں نے	عَبَدْتُ	عبادت کی میں ایک مرد یا عورت نے
عَبَدْتَ	عبادت کی تو ایک مرد نے	عَبَدْنَا	عبادت کی ہم 2 یا سب مردوں یا عورتوں نے

ان تمام صیغوں کو اچھی طرح یاد کریں۔ جب کسی بھی لفظ کو **فعل ماضی معروف** بنانا ہو تو اس کو مندرجہ بالا صیغوں کے مطابق بنائیں۔ مثلاً :

كَتَبَ	اس ایک مرد نے لکھا	كَتَبَتَا	ان 2 عورتوں نے لکھا
كَتَبَا	ان 2 مردوں نے لکھا	كَتَبْنَ	ان سب عورتوں نے لکھا
كَتَبُوْا	ان سب مَردوں نے لکھا	كَتَبْتَ	تو ایک مرد نے لکھا
كَتَبَتْ	اس ایک عورت نے لکھا	كَتَبْتُمَا	تم 2 مَردوں نے لکھا

اسی طرح آخر تک۔

سبق نمبر 9

فعل ماضی مجہول

فعل ماضی مجہول سے مراد وہ کام ہے جو گزرے ہوئے زمانہ میں کسی نے کیا ہو لیکن اس کا کرنے والا معلوم نہ ہو جیسے : نُصِرَ (وہ مدد کیا گیا)۔یعنی اس میں مدد کرنے والے کے بارے میں معلوم نہیں کہ وہ کون تھا۔**فعل ماضی مجہول** کے بھی **فعل ماضی معروف** کی طرح 14 صیغے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں :

خُلِقَ	پیدا کیا گیا وہ ایک مرد	خُلِقْتُمَا	پیدا کیے گئے تم 2 مرد
خُلِقَا	پیدا کیے گئے وہ 2 مرد	خُلِقْتُمْ	پیدا کیے گئے تم سب مرد
خُلِقُوْا	پیدا کیے گئے وہ سب مرد	خُلِقْتِ	پیدا کی گئی تو ایک عورت
خُلِقَتْ	پیدا کی گئی وہ ایک عورت	خُلِقْتُمَا	پیدا کی گئی تم 2 عورتیں
خُلِقَتَا	پیدا کی گئیں وہ 2 عورتیں	خُلِقْتُنَّ	پیدا کی گئیں تم سب عورتیں
خُلِقْنَ	پیدا کی گئیں وہ سب عورتیں	خُلِقْتُ	پیدا کیا گیا میں ایک مرد یا عورت
خُلِقْتَ	پیدا کیا گیا تو ایک مرد	خُلِقْنَا	پیدا کیے گئے ہم 2 یا سب مرد یا عورتیں

ان تمام صیغوں کو اچھی طرح یاد کریں۔ جب کسی بھی لفظ کو **فعل ماضی مجہول** بنانا ہو تو اس کو مندرجہ بالا صیغوں کے مطابق بنائیں۔ مثلاً :

ذُهِبَ	لے جایا گیا وہ ایک مرد	ذُهِبَتَا	لے جائی گئیں وہ 2 عورتیں
ذُهِبَا	لے جائے گئے وہ 2 مرد	ذُهِبْنَ	لے جائی گئیں وہ سب عورتیں
ذُهِبُوْا	لے جائے گئے وہ سب مرد	ذُهِبْتَ	لے جایا گیا تو ایک مرد
ذُهِبَتْ	لے جائی گئی وہ ایک عورت	ذُهِبْتُمَا	لے جائے گئے تم 2 مرد

اسی طرح آخر تک ۔

سبق نمبر 10

فعل مضارع معروف

فعل مضارع معروف وہ فعل ہے جس میں زمانہ حال یا مستقبل میں کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے اور کام کرنے والا بھی معلوم ہو جیسے : يَسْمَعُ (وہ سنتا ہے یا سنے گا)۔

فعل مضارع معروف کے 14 صیغے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں :

يَفْعَلُ	وہ ایک مرد کرتا ہے یا کرے گا
يَفْعَلَانِ	وہ 2 مرد کرتے ہیں یا کریں گے
يَفْعَلُوْنَ	وہ سب مرد کرتے ہیں یا کریں گے
تَفْعَلُ	وہ ایک عورت کرتی ہے یا کرے گی
تَفْعَلَانِ	وہ 2 عورتیں کرتی ہیں یا کریں گی
يَفْعَلْنَ	وہ سب عورتیں کرتی ہیں یا کریں گی
تَفْعَلُ	تو ایک مرد کرتا ہے یا کرے گا
تَفْعَلَانِ	تم 2 مرد کرتے ہو یا کرو گے
تَفْعَلُوْنَ	تم سب مرد کرتے ہو یا کرو گے
تَفْعَلِيْنَ	تو ایک عورت کرتی ہے یا کرے گی
تَفْعَلَانِ	تم 2 عورتیں کرتی ہو یا کرو گی
تَفْعَلْنَ	تم سب عورتیں کرتی ہو یا کرو گی
اَفْعَلُ	میں کرتا ہوں یا کروں گا۔ میں کرتی ہوں یا کروں گی
نَفْعَلُ	ہم 2 یا سب کرتے ہیں یا کریں گی

فعل مضارع معروف کے صیغے اچھی طرح یاد کیجئے۔ جس قدر آپ کو یہ صیغے اچھی طرح یاد ہوں گے اسی قدر آپ جلد عربی زبان سیکھ لیں گے۔ یہ پوری گردان ''فَعَلَ'' کے وزن پر بنائی گئی ہے وسعت کے لئے مزید الفاظ فَعَلَ کی جگہ رکھ کر ترجمہ کیجئے۔ مثلاً:

يَضْرِبُ	وہ مارتا ہے یا مارے گا	يَكْتُبُ	وہ لکھتا ہے یا لکھے گا

سبق نمبر 11

فعل مضارع مجہول

فعل مضارع مجہول وہ فعل ہے جس میں زمانہ حال یا مستقبل میں کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے لیکن کام کرنے والا معلوم نہ ہو جیسے : یُسْمَعُ (وہ سنا جاتا ہے یا سنا جائے گا)۔

فعل مضارع مجہول کے بھی 14 صیغے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں :

یُفْعَلُ	کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا وہ ایک مرد
یُفْعَلَانِ	کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے وہ دو مرد
یُفْعَلُوْنَ	کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے وہ سب مرد
تُفْعَلُ	کی جاتی ہے یا کی جائے گی وہ ایک عورت
تُفْعَلَانِ	کی جاتی ہیں یا کی جائیں گی وہ دو عورتیں
یُفْعَلْنَ	کی جاتی ہیں یا کی جائیں گی وہ سب عورتیں
تُفْعَلُ	کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا تو ایک مرد
تُفْعَلَانِ	کئے جاتے ہو یا کئے جاؤ گے تم دو مرد
تُفْعَلُوْنَ	کئے جاتے ہو یا کئے جاؤ گے تم سب مرد
تُفْعَلِیْنَ	کی جاتی ہے یا کی جائے گی تو ایک عورت
تُفْعَلَانِ	کی جاتی ہو یا کی جاؤ گی تم دو عورتیں
تُفْعَلْنَ	کی جاتی ہو یا کی جاؤ گی تم سب عورتیں
اُفْعَلُ	کیا جاتا ہوں یا کیا جاؤں گا میں ایک مرد یا عورت
نُفْعَلُ	کئے جاتے ہیں یا کئے جائیں گے ہم 2 یا سب مرد یا عورتیں

فعل مضارع مجہول کے صیغے اچھی طرح یاد کیجئے اور اوپر دیئے گئے صیغوں کے مطابق مختلف الفاظ بنا کر ترجمہ کیجئے۔ مثلاً:

یُنْصَرُ وہ مدد کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا	یُنْظَرُ وہ دیکھا جاتا ہے یا دیکھا جائے گا

سبق نمبر 12

فعل امر   فعل نہی

جس لفظ (صیغے) سے کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے اسے **فعل امر** کہتے ہیں جیسے : اِقْرَءْ (پڑھیے)۔ جس لفظ (صیغے) سے کسی کام سے منع کیا جائے اسے **فعل نہی** کہتے ہیں جیسے : لَا تَنْھَرْ (نہ جھڑکیے)۔ **فعل امر** اور **فعل نہی مخاطب** کے 6 , 6 صیغے ہوتے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔ انہیں اچھی طرح یاد کر لیجئے :

فعل امر	معنٰی	فعل نہی	معنٰی
اِفْعَلْ	تو ایک مرد کر	لَا تَفْعَلْ	تو ایک مرد نہیں کر
اِفْعَلَا	تم دو مرد کرو	لَا تَفْعَلَا	تم دو مرد نہیں کرو
اِفْعَلُوْا	تم سب مرد کرو	لَا تَفْعَلُوْا	تم سب مرد نہیں کرو
اِفْعَلِیْ	تو ایک عورت کر	لَا تَفْعَلِیْ	تو ایک عورت نہیں کر
اِفْعَلَا	تم دو عورتیں کرو	لَا تَفْعَلَا	تم دو عورتیں نہیں کرو
اِفْعَلْنَ	تم سب عورتیں کرو	لَا تَفْعَلْنَ	تم سب عورتیں نہیں کرو

فعل امر حاضر معروف: فعل مضارع حاضر معروف میں کچھ تبدیلی کر کے بنایا جاتا ہے جیسے : تَذْھَبُ (تو جاتا ہے یا جائے گا) فعل مضارع ہے۔ اس میں کچھ تبدیلی کر کے اِذْھَبْ (تو جا) **فعل امر** بنایا ہے۔

فعل نہی بھی فعل مضارع کے شروع میں حرف ''لا'' لگا کر بنایا جاتا ہے جیسے : تَذْھَبُ (تو جاتا ہے یا جائے گا) فعل مضارع ہے۔ لَا تَذْھَبْ (تو مت جا) **فعل نہی** ہے۔

سبق نمبر 13

افعال ناقصہ

افعال ناقصہ وہ افعال ہیں جو صرف فاعل کے ساتھ مکمل نہیں ہوتے بلکہ ان کے فاعل کے بارے میں کسی صفت کو بیان کرنا ضروری ہوتا ہے جیسے : ظَلَّ وَجْهُهٗ (اس کا چہرہ ہو گیا) یہاں ظَلَّ فعل اور وَجْهُهٗ اس کا فاعل ہے لیکن بات مکمل نہیں ہوئی۔ ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا (اس کا چہرہ سیاہ ہو گیا) کہنے سے بات پوری ہو جاتی ہے۔ یہ افعال مندرجہ ذیل ہیں :

کَانَ ، صَارَ ، اَصْبَحَ ، اَمْسٰی ، اَضْحٰی ، ظَلَّ ، بَاتَ ،
مَا بَرِحَ ، مَا دَامَ ، مَاانْفَكَّ ، مَا زَالَ ، مَا فَتِئَ ، لَيْسَ ،

افعال ناقصہ کی مثالیں :

فعل ناقص	ترجمہ
کَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا	اللہ خوب سننے، جاننے والا ہے
صَارَ الْفَقِيْرُ غَنِيًّا	فقیر مال دار ہو گیا

افعال ناقصہ مبتدا اور خبر سے پہلے آتے ہیں۔ مبتدا کو رفع (پیش، دو پیش) دیتے ہیں اور خبر کو نصب (زبر، دو زبر) دیتے ہیں۔ مبتدا کو افعال ناقصہ کا اسم اور خبر کو افعال ناقصہ کی خبر کہا جاتا ہے جیسے : کَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا (انسان بہت جلد باز ہے) اس میں انسان کَانَ فعل ناقص کا اسم اور عَجُوْلًا کان فعل ناقص کی خبر ہے۔

افعال ناقصہ کبھی فعل ماضی کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، کبھی فعل مضارع کے طور پر جیسے : کَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا (اللہ سننے، جاننے والا ہے) اور کبھی فعل امر کے طور پر جیسے : اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (وہ اسے کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے)۔

اسی طرح یہ مذکر اور مؤنث کے طور پر بھی استعمال ہوتے ہیں جیسے :

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا (بے شک جہنم گھات لگائے ہوئے ہے)۔

سبق نمبر 14

حروف مشبہ بالفعل

حروف مشبہ بالفعل وہ حروف ہیں جو فعل کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں یعنی جس طرح فعل فاعل اور مفعول سے پہلے آتا اور ان میں عمل کرتا ہے اسی طرح یہ مبتدا اور خبر سے پہلے آتے اور ان میں عمل کرتے ہیں۔ مبتدا کو نصب (زبر، دو زبر) اور خبر کو رفع (پیش، دو پیش) دیتے ہیں۔ **حروف مشبہ بالفعل** مندرجہ ذیل ہیں :

اِنَّ ، اَنَّ ، كَاَنَّ ، لٰكِنَّ ، لَيْتَ ، لَعَلَّ

حروف مشبہ بالفعل کی مثالیں :

حرف مشبہ	معنی	مثال	ترجمہ
اِنَّ	بے شک	اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ	بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے
اَنَّ	بے شک	اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ	بے شک ان کے لئے جنتیں ہیں
كَاَنَّ	گویا کہ	كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ	گویا کہ وہ چھپائے ہوئے موتی ہیں
لٰكِنَّ	لیکن	وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى	اور لیکن اللہ نے پھینکی
لَيْتَ	کاش	يَا لَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ	کاش کہ میری قوم جان لے
لَعَلَّ	شاید	لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ	شاید کہ قیامت قریب ہے

کبھی **حروف مشبہ بالفعل** کے بعد حرف مَا آ کر ان کے عمل (نصب و رفع) کو ختم کر دیتا ہے۔ اس مَا کو کافّہ (عمل سے روکنے والا) کہتے ہیں

جیسے : اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ (بے شک تمہارا معبود ایک ہی ہے)۔

سبق نمبر 15

الفاظ سوال

جس طرح انگریزی اور اردو میں سوال کرنے کے لئے Who (کون)، Which (کون سا)، What (کیا) وغیرہ استعمال ہوتے ہیں اس طرح عربی میں بھی چند الفاظ سوال کرنے اور پوچھنے کے لئے استعمال ہوئے ہیں۔ ان الفاظ کو **حروفِ استفہام یا اسمائے استفہام** کہتے ہیں۔ ان میں سے کچھ حروف ہیں اور کچھ اسم۔ **الفاظ سوال** یہ ہیں :

اَ ءَ ، مَنْ ، کَمْ ، لِمَ ، مَا ، اَنّٰی ، مَاذَا ، کَیْفَ ، اَیْنَ ، مَتٰی ، مَا ھٰذَا ، مَا ھٰذِہٖ ، اَیَّانَ، ھَلْ

الفاظ سوال	معنٰی	مثال	ترجمہ
اَ ءَ	کیا	أَ نُؤْمِنُ	کیا ہم ایمان لائیں ؟
مَنْ	کون	مَنْ ذَا الَّذِیْ	کون ہے وہ؟
کَمْ	کتنا	کَمْ لَبِثْتَ	تو کتنا عرصہ ٹھہرا رہا؟
لِمَ	کیوں	لِمَ تَقُوْلُوْنَ	کیوں تم کہتے ہو؟
مَا	کیا	مَا ھِیَ	یہ کیا ہے؟
اَنّٰی	کہاں	اَنّٰی لَكِ ھٰذَا	کہاں سے ہے یہ تیرے لئے؟
مَاذَا	کیا	مَاذَا اَرَادَ اللّٰہُ	کیا ارادہ کیا اللہ نے؟
کَیْفَ	کیسے	کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ	تم کیسے انکار کر سکتے ہو؟
اَیْنَ	کہاں	اَیْنَ تَذْھَبُوْنَ	تم کہاں جا رہے ہو؟
مَتٰی	کب	مَتٰی نَصْرُ اللّٰہِ	اللہ کی مدد کب آئے گی؟
مَا ھٰذَا	یہ کیا ہے	مَا ھٰذَا	یہ کیا ہے؟
مَا ھٰذِہٖ	کیا ہیں یہ	مَا ھٰذِہِ التَّمَاثِیْلُ	کیا ہیں یہ تصویریں؟
اَیَّانَ	کب ہے	اَیَّانَ یَوْمُ الدِّیْنِ	کب ہے بدلے کا دن؟
ھَلْ	کیا	ھَلْ یَسْتَوِی الْاَعْمٰی وَالْبَصِیْرُ	کیا نابینا اور دیکھنے والا برابر ہو سکتے ہیں؟

سبق نمبر 16

الفاظ نفی

کچھ الفاظ کسی چیز یا بات کا انکار کرنے کے لئے آتے ہیں انہیں **الفاظ نفی** کہتے ہیں۔

الفاظ نفی یہ ہیں: لَا ، مَا ، لَمْ ، لَنْ ، غَیْرُ، لَیْسَ (مذکر) ، لَیْسَتْ (مونث)

الفاظ نفی کی مثالیں:

حرف نہی	معنی	مثال	ترجمہ
لَا	نہیں	لَا يَعْلَمُوْنَ	وہ علم نہیں رکھتے
لَا	نہیں	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وہ ایمان نہیں لائیں گے
مَا	نہیں	مَا اَغْنٰى عَنْهُ	نہیں فائدہ دیا اسے
مَا	نہیں	مَا قُتِلُوْا	وہ قتل نہیں کئے جاتے
لَمْ	نہیں	لَمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ	انہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچی
لَمْ	نہیں	لَمْ تُنْذِرْهُمْ	نہیں ڈرایا آپ نے ان کو
لَنْ	ہرگز نہیں	لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ	تم ہرگز نیکی نہیں پا سکو گے
لَنْ	ہرگز نہیں	لَنْ نَّصْبِرَ	ہم ہرگز صبر نہیں کریں گے
غَيْرِ	نہ	غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ	نہ وہ جن پر غصہ کیا گیا
غَيْرِ	نہ	لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ	ان کے لئے اجر ہے نہ ختم ہونے والا
لَيْسَ	نہیں	لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ	نہیں ہے ان کے لئے کھانا
لَيْسَ	نہیں	أَلَيْسَ اللّٰهُ	کیا نہیں ہے اللہ؟
لَيْسَتِ	نہیں	لَيْسَتِ النَّصَارٰى عَلٰى شَيْءٍ	نہیں ہیں عیسائی کسی حقیقت پر
لَيْسَتِ	نہیں	لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ	نہیں ہیں یہودی کسی حقیقت پر

نوٹ: **لَمْ** فعل مضارع پر داخل ہو کر اسے ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے اور **لَنْ** فعل مضارع پر داخل ہو کر اسے مستقبل منفی کے معنیٰ میں کر دیتا ہے۔ جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے واضح ہے۔

سبق نمبر 17

حروف عطف

کچھ حروف اپنے بعد کے اسم، فعل یا جملے کو ماقبل کے ساتھ ملانے (جوڑنے) کے لئے آتے ہیں انہیں **حروف عطف** کہتے ہیں۔

حروف عطف 10 ہیں: وَ، فَ، ثُمَّ، حَتّٰی، اِمَّا، اَوْ، اَمْ، لَا، بَلْ، لٰکِنْ۔

حروف عطف کی مثالیں:

حروف عطف	معنی	مثال	ترجمہ
وَ	اور	اِیَّاکَ نَعْبُدُ	ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں
		وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ	اور آپ ہی سے مدد مانگتے ہیں
فَ	پس	وَ کُنْتُمْ اَمْوَاتًا	اور تم مردہ تھے پس اس (اللہ) نے
		فَاَحْیَاکُمْ	تمہیں زندہ کیا
ثُمَّ	پھر	کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ	ہرگز نہیں، تم جلد ہی جان لو گے۔ ہرگز
		ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ	نہیں، پھر تمہیں جلد ہی معلوم ہو جائے گا
حَتّٰی	یہاں تک	فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا	انہیں معاف کرو اور درگزر سے کام لو
		حَتّٰی یَأْتِیَ اللّٰہُ بِاَمْرِہٖ	یہاں تک کہ اللہ خود ہی اپنا حکم بھیج دے
اِمَّا	یا	اِنَّا ھَدَیْنَاہُ السَّبِیْلَ	بے شک ہم نے اسے (سیدھا) راستہ
		اِمَّا شَاکِرًا وَّ اِمَّا کَفُوْرًا	دکھا دیا اب وہ شکرگزار بنے یا ناشکرا
اَوْ	یا	فَھِیَ کَالْحِجَارَۃِ	پس وہ پتھر کی طرح ہو گئے یا اس
		اَوْ اَشَدُّ قَسْوَۃً	سے بھی زیادہ سخت

سبق نمبر 18

حروف جار

حروف جار وہ حروف ہیں جو اسم سے پہلے آ کر اس کے آخری حرف کو جر (زیر، دو زیر) دیتے ہیں۔ جس اسم پر ''ال'' داخل ہو اسے ایک زیر اور باقی جگہ دو زیر دیتے ہیں۔

حروف جار 17 ہیں :

فِیْ ، مِنْ ، عَلٰی ، كَ ، عَنْ ، بِ ، لِ ، اِلٰی ، حَتّٰی ،
وَ ، عدا ، حَاشَا ، خَلَا ، تَ ، رُبَّ ، مُنْذُ ، مُذْ

حرف جار	معنی	مثال	معنیٰ
فِیْ	میں/ بیچ	لَا اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ	دین میں کوئی زبردستی نہیں
مِنْ	سے	مِنْ عِبَادِهٖ	اس کے بندوں میں سے
عَلٰی	اوپر	عَلٰی جَبَلٍ	پہاڑ کے اوپر
كَ	مثل/ مانند	اَوْ كَصَيِّبٍ	یا بارش کی مانند ہے
عَنْ	متعلق/ سے	عَنِ الْاَهِلَّةِ	چاند کے متعلق
بِ	ساتھ	بِسَلَامٍ	سلامتی کے ساتھ
لِ	لئے	وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا	اور لوگوں کے لئے اچھی بات کہو
اِلٰی	طرف	فَانْظُرْ اِلٰی طَعَامِكَ	پس اپنے کھانے کی طرف دیکھئے
حَتّٰی	یہاں تک کہ	حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ	یہاں تک کہ طلوع ہو فجر
وَ	قسم	وَالْفَجْرِ	قسم ہے فجر کی

سبق نمبر 19

حرف لانفی جنس

حرف لانفی جنس وہ حرف ہے جو جنس کی نفی کے لئے آتا ہے اور اپنے بعد آنے والے اسم کو فتحہ (ایک زبر) دیتا ہے جیسے:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (کوئی بھی معبود نہیں سوائے اللہ کے)

لانفی جنس کے بعد آنے والا **اسم لانفی جنس** کا اسم کہلاتا ہے جیسے مندرجہ بالا مثال میں ''اِلٰہَ'' **لانفی جنس** کا اسم ہے۔

سبق نمبر 20

منادیٰ

منادیٰ وہ اسم ہے جسے حرف ندا کے ذریعے پکارا جائے جیسے: یَا اَللّٰہُ (اے اللہ)

حروف ندا 5 ہیں: یَا ، اَیَا ، ھَیَا ، اَیْ ، ءَ

''یَـا'' قریب اور دور دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ''اَیَـا ، ھَیَـا'' قریب کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ''اَیْ ، ءَ'' دور کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ لیکن ان میں سے سب سے زیادہ ''یَا'' استعمال ہوتا ہے۔

جب **منادیٰ** مفرد (مضاف نہ ہو) ہوتو وہ مرفوع (پیش والا) ہوتا ہے جیسے:

یَـا اَللّٰہُ (اے اللہ)، اَللّٰھُمَّ (اے اللہ) بھی یا اللہ کے قائم مقام ہے۔ اس میں ''میم'' حرف ''یا'' کی جگہ پر آئی ہے۔

جب **منادیٰ** مضاف یا مشابہ مضاف ہوتو منصوب (زبر والا) ہوتا ہے جیسے:

یَا عَبْدَاللّٰہِ (اے اللہ کے بندے)۔ یہاں ''عبد'' لفظ اللہ کی طرف مضاف ہے۔

جب **منادیٰ** پر ''اَلْ'' لگا ہوا ہوتو حرف ندا اور **منادیٰ** کے درمیان مذکر کے لئے اَیُّھَا اور مونث کے لئے اَیَّتُھَا حرف کا اضافہ کیا جاتا ہے جسے **حرف فصل** کہتے ہیں۔

سبق نمبر 21

اسمائے ظروف

اسمائے ظروف وہ اسم ہیں جو یہ بتاتے ہیں کہ فلاں وقت یا فلاں جگہ میں کام ہوا ہے جو وقت بتاتے ہیں انہیں ظرف زمان کہتے ہیں اور جو جگہ بتاتے ہیں انہیں ظرف مکان کہتے ہیں۔

ظرف زمان یہ ہیں :

اِذْ ، اِذَا ، مَتٰی ، کَیْفَ ، اَیَّانَ ، اَمْسِ ، مُذْ ،
مُنْذُ ، قَطُّ ، عَوْضُ ، قَبْلُ ، بَعْدُ

ظرف مکان یہ ہیں :

حَیْثُ ، قُدَّامُ ، خَلْفُ ، تَحْتُ ، فَوْقُ ، عِنْدَ ، اَیْنَ ، لَدٰی ، لَدُنْ

سبق نمبر 22

حروف استقبال

حروف استقبال وہ حروف ہیں جو فعل مضارع سے پہلے آ کر اسے زمانہ مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتے ہیں۔ یہ صرف 2 حرف ہیں : س ، سَوْفَ

حرف	معنی	مثال	ترجمہ
س	عنقریب	سَیَصْلٰی نَارًا	عنقریب وہ آگ میں داخل ہو گا
سَوْفَ	عنقریب	کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ	بلاشبہ عنقریب تم جان لو گے

سبق نمبر 23

حرف ردع

حرف ردع صرف ایک حرف ہے جو انکار اور منع کرنے کے لئے آتا ہے جیسے کوئی کہے فلاں نے کفر کیا تو اس کے جواب میں کہا جاتا ہے **کَلَّا** (ہرگز نہیں)۔
کبھی یہ بے شک کا معنی بھی دیتا ہے جیسے:
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (بلاشبہ عنقریب تم جان لو گے)۔

سبق نمبر 24

حرف استغراق

حرف استغراق حرف ''اَلْ'' کو کہتے ہیں۔ یہ صرف ایک حرف ہے جو اسم پر داخل ہو کر تمام افراد کو اپنے اندر شامل کر لیتا ہے جیسے: **اَلْاِنْسَانُ** (تمام انسان)۔

سبق نمبر 25

اسم حال

اسم حال وہ اسم نکرہ ہے جو فاعل یا مفعول یا دونوں (فاعل اور مفعول) کی حالت کو ظاہر کرے۔ یہ جس (فاعل یا مفعول یا دونوں) کی حالت کو ظاہر کرتا ہے اسے ذوالحال کہتے ہیں جیسے: **اُدْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا** (دروازے میں سے داخل ہو جاؤ سجدے کی حالت میں)۔ اس میں سُجَّدًا **حال** ہے۔
کبھی جملہ فعلیہ بھی حال واقع ہوتا ہے جیسے: **وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ** (اور وہ عشاء کے وقت اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے)۔ اس میں **يَبْكُوْنَ** جملہ فعلیہ حال واقع ہو رہا ہے۔

سبق نمبر 26

حروف استثنا

حروف استثنا وہ حروف ہیں جو اپنے بعد والے اسم کو ماقبل کے حکم سے الگ کر دیتے ہیں۔ جس اسم کو یہ الگ کرتے ہیں اسے **مستثنیٰ** اور جس سے الگ کرتے ہیں اسے **مستثنیٰ منہ** کہتے ہیں اور یہ 8 حروف ہیں :

اِلَّا ، غَیْرَ ، سِوٰی ، حَاشَا ، خَلَا ، عَدَا ، مَا خَلَا ، مَا عَدَا

ان میں سے سب سے زیادہ اِلَّا استعمال ہوتا ہے جیسے :

اِنْ یُرِیْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا (وہ نہیں چاہتے مگر فرار ہونا)۔

سبق نمبر 27

حروف شرط

حروف شرط وہ حروف ہیں جو شرط کا معنی دیتے ہیں اور وہ یہ ہیں :

اَمَّا ، لَوْ ، لَوْلَا

اَمَّا کی مثال۔ جیسے : **وَاَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا فَفِی الْجَنَّةِ**

(اور وہ لوگ جو خوش نصیب ہیں جنت میں ہوں گے)۔

لَوْ کی مثال۔ جیسے : **لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا** (اگر آسمان و زمین میں اللہ کے علاوہ کوئی اور اِلٰہ ہوتے تو یہ دونوں (آسمان و زمین) تباہ ہو جاتے)۔

لَوْلَا کی مثال۔ جیسے : **مَا کُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَاۤ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ**

(اگر اللہ ہمیں ہدایت نہ دیتا تو ہم ہرگز ہدایت نہیں پا سکتے تھے)

سبق نمبر 28

اسم تمیز

اسم تمیز وہ اسم نکرہ (عام) ہے جو عدد (گنتی) یا وزن یا پیمانہ کی پوشیدگی کو دور کرے جیسے:

رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا (میں نے 11 ستارے دیکھے) **کَوْکَبًا** اسم تمیز ہے۔

اِشْتَرَیْتُ وَاحِدًا کِیْلُوْ دَقِیْقًا (میں نے 1 کلو آٹا خریدا) **دَقِیْقًا** اسم تمیز ہے۔

بِعْتُ قَفِیْزَیْنِ بُرًّا (میں نے 2 پیمانے گندم بیچی) **بُرًّا** اسم تمیز ہے۔

سبق نمبر 29

اسم بدل

اسم بدل وہ اسم ہے جس کا اعراب ماقبل والے اسم کی طرح ہو اور وہ کلام میں اصل مقصود ماقبل نہیں بلکہ اسم بدل ہو۔ جیسے: **اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ مَقَامٍ اَمِیْنٍ جَنَّاتٍ وَّ عُیُوْنٍ**

(بے شک پرہیز گار پُر امن جگہ میں ہوں گے جنت اور اس کے چشموں میں)

اس مثال میں **جَنَّاتٍ وَّ عُیُوْنٍ** **مَقَامٍ اَمِیْنٍ** کا بدل ہیں۔

سبق نمبر 30

حرف ناصب بہ معنی مصدر

حرف ناصب بہ معنی مصدر حرف اَنْ ہے جو فعل مضارع سے پہلے آ کر اس کے آخری حرف کو نصب (زبر) دیتا ہے اور فعل مضارع کو مصدر کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے:

اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰہَ (مجھے اللہ کی عبادت کرنے کا حکم دیا گیا ہے)

سبق نمبر 31

حرف تحقیق

حرف تحقیق حرف قَدْ ہے جو فعل ماضی سے پہلے آ کر اس کے معنی میں تاکید پیدا کرتا ہے جیسے: **قَدْ سَمِعَ اللّٰہُ** (تحقیق اللہ نے سن لیا)۔

حصّہ دوم : قرآنی سورتیں اور ان کا ترجمہ مع عربی قواعد

لفظ	لفظ کس طرح بنا	ترجمہ	قواعد (گرامر)	سبق
بِسْمِ	بِ + اِسْمِ	(شروع) نام سے	بِ: حرف جار ۔ اِسْمِ: مضاف	18,2
اللّٰهِ	اللّٰهِ	اللہ (کے)	مضاف الیہ ، موصوف	2,3
الرَّحْمٰنِ	اَلْ + رَحْمَانِ	(جو) بڑا مہربان	اَلْ: حرف تعریف ۔ رَحْمَانِ: صفت	3.1
الرَّحِيْمِ	اَلْ + رَحِيْمِ	بے حد رحم کرنے والا	اَلْ: حرف تعریف ۔ رَحِيْمِ: صفت	3,1
قُلْ	قُلْ	آپ فرما دیجئے	فعل امر حاضر	12
اَعُوْذُ	اَعُوْذُ	میں پناہ میں آتا ہوں	واحد متکلم فعل مضارع	10
بِرَبِّ	بِ + رَبِّ	رب کی	بِ : حرف جار ۔ رَبِّ: مجرور	18
النَّاسِ	اَلْ + نَاسِ	لوگوں (کے)	اَلْ: حرف تعریف ۔ نَاسِ: مضاف الیہ	1,2
مَلِكِ	مَلِكِ	مالک (کی)	مضاف	2
النَّاسِ	اَلْ + نَاسِ	لوگوں (کے)	اَلْ: حرف تعریف ۔ نَاسِ: مضاف الیہ	2,1
اِلٰهِ	اِلٰهِ	حقیقی معبود (کی)	مضاف	2
النَّاسِ	اَلْ + نَاسِ	لوگوں (کے)	اَلْ: حرف تعریف ۔ نَاسِ: مضاف الیہ	2,1
مِنْ	مِنْ	سے	حرف جار	18
شَرِّ	شَرّ	برائی	مضاف	2
الْوَسْوَاسِ	اَلْ + وَسْوَاسِ	وسوسہ ڈالنے والا	اَلْ: حرف تعریف ۔ وَسْوَاسِ: موصوف	3,1
الْخَنَّاسِ	اَلْ + خَنَّاسِ	پیچھے ہٹ جانے والا	اَلْ: حرف تعریف ۔ خَنَّاسِ: صفت	3,1
الَّذِىْ	الَّذِىْ	وہ / جو	اسم موصول	4
يُوَسْوِسُ	يُوَسْوِسُ	وسوسہ ڈالتا ہے	واحد مذکر غائب فعل مضارع	10
فِىْ	فِىْ	میں	حرف جار	18
صُدُوْرِ	صُدُوْر	سینوں (دلوں)	مجرور مضاف	2,18
النَّاسِ	اَلْ + نَاسِ	لوگوں (کے)	اَلْ: حرف تعریف ۔ نَاسِ: مضاف الیہ	2,1
مِنَ	مِنْ	سے	حرف جار	18
الْجِنَّةِ	اَلْ + جِنَّةِ	جنوں	اَلْ: حرف تعریف ۔ جِنَّةِ: معطوف علیہ	17,1
وَ النَّاسِ	وَ + اَلْ + نَاسِ	اور انسانوں (میں سے)	وَ: حرف عطف ۔ اَلْ: حرف تعریف ۔ نَاسِ: معطوف	1,17

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

قُلْ	قُلْ	آپ فرما دیجئے	واحد مذکر فعل امر حاضر	12
اَعُوْذُ	اَعُوْذُ	میں پناہ میں آتا ہوں	واحد متکلم فعل مضارع	11
بِرَبِّ	بِ + رَبِّ	رب کی	بِ: حرف جار۔ رَبِّ: مضاف	2,18
الْفَلَقِ	اَلْ + فَلَقِ	صبح (کے)	اَلْ: حرف تعریف۔ فَلَقِ: مضاف الیہ	1,2
مِنْ	مِنْ	سے	حرف جار	18
شَرِّ	شَرِّ	برائی	مضاف	2
مَا	مَا	وہ/ جو	اسم موصول مضاف الیہ	2,4
خَلَقَ	خَلَقَ	اس نے پیدا کیا	واحد مذکر غائب فعل ماضی	8
وَ مِنْ	وَ+ مِنْ	اور سے	وَ: حرف عطف۔ مِنْ: حرف جار	18,17
شَرِّ	شَرِّ	برائی	مجرور مضاف	2,18
غَاسِقٍ	غَاسِقٍ	اندھیرا کرنے والی (کی)	مضاف الیہ	2
اِذَا	اِذَا	جب	اسم ظرف	21
وَقَبَ	وَقَبَ	اندھیرا چھا جائے	واحد مذکر غائب فعل ماضی	8
وَ مِنْ	وَ+ مِنْ	اور سے	وَ: حرف عطف۔ مِنْ: حرف جار	17,18
شَرِّ	شَرِّ	برائی	مجرور مضاف	2,18
النَّفّٰثٰتِ	اَلْ + نَفَّاثَاتِ	پھونکنے والیوں (کی)	اَلْ: حرف تعریف۔ نَفَّاثَاتِ: مضاف الیہ	2,1
فِي	فِي	میں	حرف جار	18
الْعُقَدِ	اَلْ + عُقَدِ	گرہ	اَلْ: حرف تعریف۔ عُقَدِ: مجرور	18,1
وَمِنْ	وَ + مِنْ	اور سے	وَ: حرف عطف۔ مِنْ: حرف جار	17,18
شَرِّ	شَرِّ	برائی	مجرور مضاف	2,18
حَاسِدٍ	حَاسِدٍ	حسد کرنے والے (کی)	مضاف الیہ	2
اِذَا	اِذَا	جب	اسم ظرف	21
حَسَدَ	حَسَدَ	وہ حسد کرے	واحد مذکر فعل ماضی	8

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

قُلۡ	قُلۡ	آپ فرما دیجیے	واحد مذکر فعل امر حاضر	12
هُوَ	هُوَ	وہ	اسم ضمیر مبتدا	1,6
اللّٰهُ	اللّٰهُ	اللہ	مبتدا	1
اَحَدٌ	اَحَدٌ	ایک (ہے)	خبر	1
اَللّٰهُ	اللّٰهُ	اللہ	مبتدا	1
الصَّمَدُ	اَلۡ + صَمَدُ	بے نیاز (ہے)	اَلۡ: حرف تعریف۔ صَمَدُ: خبر	1
لَمۡ	لَمۡ	نہیں	حرف نفی	16
يَلِدۡ	يَلِدۡ	اس نے جنا (کسی کو)	واحد مذکر غائب فعل مضارع	10
وَلَمۡ	وَ+ لَمۡ	اور نہیں	وَ: حرف عطف۔ لَمۡ: حرف نفی	16,17
يُوۡلَدۡ	يُوۡلَدۡ	وہ جنا گیا	واحد مذکر غائب فعل مضارع مجہول	11
وَلَمۡ	وَ + لَمۡ	اور نہیں	وَ: حرف عطف۔ لَمۡ: حرف نفی	16,17
يَكُنۡ	يَكُنۡ	ہے	فعل ناقص	13
لَّهٗ	لَ + هٗ	اس کا	لَ: حرف جار۔ هٗ: مجرور	18
كُفُوًا	كُفُوًا	برابری کرنے والا	فعل ناقص کی خبر	13
اَحَدٌ	اَحَدٌ	کوئی بھی	فعل ناقص کا اسم	13

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:۔ ❶ ”کیا تم میں سے کوئی آدمی اس بات سے عاجز ہے کہ ایک ہی رات میں ایک تہائی قرآن کی تلاوت کرے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ، کس طرح ایک ہی رات میں تہائی قرآن کی تلاوت کرے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: سورۂ اخلاص (کی تلاوت) تہائی قرآن (کے برابر) ہے۔“ (بخاری۔عن ابی الدرداء رضی اللہ عنہ) ۔ ❷ ”ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ، میں سورۂ اخلاص سے محبت کرتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: تمہاری اس سورت سے محبت تمہیں (ضرور) جنت میں داخل کرے گی۔“ (بخاری۔عن انس رضی اللہ عنہ)

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

تَبَّتۡ	تَبَّتۡ	ٹوٹ گئے	واحد مذکر فعل ماضی معروف	8
يَدَآ	يَدَآ	دونوں ہاتھ	مضاف	2
اَبِيۡ لَهَبٍ	اَبِيۡ + لَهَبٍ	ابولہب (کے)	اَبِیۡ: مضاف۔ لَهَبٍ: مضاف الیہ	2
وَّ تَبَّ	وَ + تَبَّ	اور وہ ہلاک ہوگیا	وَ: حرف عطف۔ تَبَّ: واحد مذکر فعل ماضی معروف	8,17
مَآ	مَآ	نہیں	حرف نفی	16
اَغۡنٰى	اَغۡنٰى	کام آیا	واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف	8
عَنۡهُ	عَنۡ + هُ	اس کے	عَنۡ: حرف جار۔ هُ: مجرور	18
مَالُهٗ	مَالُ + هٗ	اس کا مال	مَالُ: مضاف۔ هٗ: مضاف الیہ	2
وَ مَا	وَ + مَا	اور نہ (وہ)	وَ: حرف عطف۔ مَا: اسم موصول	4,17
كَسَبَ	كَسَبَ	(جو) اس نے کمایا	واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف	8
سَيَصۡلٰى	سَ + يَصۡلٰى	عنقریب وہ داخل ہوگا	سَ: حرف استقبال۔ يَصۡلٰى: واحد مذکر فعل مضارع معروف	22 10
نَارًا	نَارًا	آگ میں	مفعول	7
ذَاتَ	ذَاتَ	والی	مضاف	2
لَهَبٍ	لَهَبٍ	شعلوں	مضاف الیہ	2
وَّامۡرَاَتُهٗ	وَ + اِمۡرَاَةُ + هٗ	اور اس کی بیوی	وَ: حرف عطف۔ اِمۡرَاَةُ: مضاف۔ هٗ: مضاف الیہ	2,17
حَمَّالَةَ	حَمَّالَةَ	اٹھانے والی	مضاف	2
الۡحَطَبِ	اَلۡ + حَطَبِ	لکڑیاں	اَلۡ: حرف تعریف۔ حَطَبِ: مضاف الیہ	2,1
فِيۡ	فِيۡ	میں	حرف جار	18
جِيۡدِهَا	جِيۡدِ + هَا	اس کی گردن	جِيۡدِ: مضاف۔ هَا: مضاف الیہ	2
حَبۡلٌ	حَبۡلٌ	رسی	مبتدا	1
مِّنۡ	مِنۡ	سے	حرف جار	18
مَّسَدٍ	مَّسَدٍ	چھال کی بٹی ہوئی	مجرور	18

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

اِذَا	اِذَا	جب	ظرف مستقبل بہ معنی شرط	21
جَآءَ	جَآءَ	آ جائے	واحد مذکر فعل ماضی معروف	8
نَصۡرُ اللّٰهِ	نَصۡرُ + اللّٰهِ	اللہ کی مدد	نَصۡرُ: مضاف ،معطوف علیہ۔ اللّٰهِ: مضاف الیہ	17,2
وَالۡفَتۡحُ	وَ+ اَلۡ+ فَتۡحُ	اور فتح (مکہ)	وَ: حرف عطف۔ اَلۡ: حرف تعریف فَتۡحُ: معطوف	1,17
وَ رَاَيۡتَ	وَ + رَاَيۡتَ	اور آپ دیکھیں	وَ: حرف عطف۔ رَاَيۡتَ: واحد مذکر حاضر فعل ماضی معروف	8,17
النَّاسَ	اَلۡ + نَاسَ	لوگوں کو (کہ)	اَلۡ: حرف تعریف۔ نَاسَ: مفعول	7,1
يَدۡخُلُوۡنَ	يَدۡخُلُوۡنَ	وہ داخل ہو رہے ہیں	جمع مذکر غائب فعل مضارع معروف	10
فِىۡ	فِىۡ	میں	حرف جار	18
دِيۡنِ اللّٰهِ	دِيۡنِ + اللّٰهِ	اللہ کے دین	دِيۡنِ: مضاف۔ اللّٰهِ: مضاف الیہ	2
اَفۡوَاجًا	اَفۡوَاجًا	فوج در فوج	حال	25
فَسَبِّحۡ	فَ + سَبِّحۡ	پس پاکی بیان کیجئے	فَ: حرف جزا۔ سَبِّحۡ: واحد مذکر فعل امر	12
بِحَمۡدِ	بِ + حَمۡدِ	تعریف کے ساتھ	بِ: حرف جار۔ حَمۡدِ: مضاف	2,18
رَبِّكَ	رَبِّ + كَ	اپنے رب کی	رَبِّ: مضاف۔ كَ: مضاف الیہ	2
وَاسۡتَغۡفِرۡهُ	وَ + اِسۡتَغۡفِرۡ + هُ	اور اس سے بخشش مانگئے	وَ: حرف عطف۔ اِسۡتَغۡفِرۡ: واحد مذکر حاضر فعل امر۔ هُ: اسم ضمیر مفعول	17,12
اِنَّهٗ	اِنَّ + هٗ	بے شک	اِنَّ: حرف مشبہ بالفعل۔ هٗ: اسم اِنَّ	14
كَانَ	كَانَ	ہے وہ	فعل ناقص/فعل ماضی	8,13
تَوَّابًا	تَوَّابًا	توبہ قبول کرنے والا	فعل ناقص کی خبر	13

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

قُلْ	قُلْ	آپ فرما دیجئے	واحد مذکر فعل امر	12
يٰٓاَيُّهَا	يَآ + اَيُّهَا	اے	يَآ: حرف ندا۔ اَيُّهَا: حرف فصل	20
الْكٰفِرُوْنَ	اَلْ + كَافِرُوْنَ	کافرو	منادیٰ	20
لَآ	لَآ	نہیں	حرف نفی	16
اَعْبُدُ	اَعْبُدُ	میں عبادت کرتا	واحد متکلم فعل مضارع معروف	10
مَا	مَا	اس چیز (کی جس کی)	اسم موصول	4
تَعْبُدُوْنَ	تَعْبُدُوْنَ	تم عبادت کرتے (ہو)	جمع مذکر حاضر فعل مضارع معروف	10
وَلَآ	وَ + لَآ	اور نہیں	وَ: حرف عطف۔ لَآ: حرف نفی	16.17
اَنْتُمْ	اَنْتُمْ	تم	اسم ضمیر جمع مذکر حاضر	6
عٰبِدُوْنَ	عَابِدُوْنَ	عبادت کرنے والے	جمع مذکر اسم فاعل	7
مَآ	مَآ	اس چیز (کی جس کی)	اسم موصول	4
اَعْبُدُ	اَعْبُدُ	میں عبادت کرتا (ہوں)	واحد متکلم فعل مضارع معروف	10
وَلَآ	وَ + لَآ	اور نہ ہی	وَ: حرف عطف۔ لَآ: حرف نفی	16.17
اَنَا	اَنَا	میں	ضمیر واحد متکلم	6
عَابِدٌ	عَابِدٌ	عبادت کرنے والا (ہوں)	واحد مذکر اسم فاعل	7
مَّا	مَّا	اس چیز (کی جس کی)	اسم موصول	4
عَبَدْتُّمْ	عَبَدْ تُّمْ	تم نے عبادت کی	جمع مذکر حاضر فعل ماضی معروف	8
وَلَآ	وَ + لَآ	اور نہ ہی	وَ: حرف عطف۔ لَآ: حرف نفی	16.17
اَنْتُمْ	اَنْتُمْ	تم	اسم ضمیر جمع مذکر حاضر	6
عٰبِدُوْنَ	عَابِدُوْنَ	عبادت کرنے والے (ہو)	اسم فاعل	7
مَآ	مَآ	اس چیز (کی جس کی)	اسم موصول	4

اَعْبُدُ	اَعْبُدُ	میں عبادت کرتا (ہوں)	واحد متکلم فعل مضارع معروف	10
لَکُمْ	لَ + کُمْ	تمہارے لئے	لَ: حرف جار۔ کُمْ: اسم ضمیر مجرور	6,18
دِیْنُکُمْ	دِیْنُ + کُمْ	تمہارا دین (ہے)	دِیْنُ: مضاف۔ کُمْ: مضاف الیہ	2
وَلِیَ	وَ+ لِیَ	اور میرے لئے	وَ: حرف عطف۔ لِیَ: اسم ضمیر مجرور	18.17
دِیْنِ	دِ یْنِ	میرا دین (ہے)	مضاف	2

فرمان الٰہی ہے :- (ترجمہ)

"یہ قرآن جو ہم نازل کر رہے ہیں مومنوں کے لئے سرا سر شفا اور رحمت ہے۔"

(بنی اسرائیل **17** : آیت **82**)

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:

❶ "جب تم سونے کے لئے اپنے بستر پر آؤ تو قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ (سورۂ کافرون) پڑھا کرو اس لئے کہ یہ شرک سے بیزاری کا اعلان کرنے والی ہے۔" (ترمذی۔عن نوفل رضی اللہ عنہ)

❷ "سورۂ کافرون قرآن کے چوتھائی حصّہ کے پڑھنے کے برابر ہے۔" (ترمذی۔عن ابن عباس رضی اللہ عنہما)

❸ "ایک مرتبہ ہم بارش اور اندھیری رات میں آپ ﷺ کی تلاش میں نکلے جب آپ ﷺ سے ملاقات ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور معوّذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) صبح و شام پڑھا کرو، یہ تمہیں ہر چیز (کے شر) سے کافی ہو جائیں گی۔"

(ترمذی۔عن عبداللہ بن خبیب رضی اللہ عنہ)

❹ "آپ ﷺ جب رات کو اپنے بستر پر (سونے کے لئے) تشریف لاتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو ملا کر ان میں پھونکتے اور ان میں قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور معوّذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) پڑھتے پھر جسم کے جس جس حصے پر ہاتھ پھیر سکتے پھیرتے، سر چہرہ اور جسم کے سامنے کے حصہ سے شروع فرماتے اس طرح **3** مرتبہ کرتے تھے۔" (بخاری، مسلم۔عن عائشہ رضی اللہ عنہا)

❺ "اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ، جس گھر میں سورۂ بقرہ کی تلاوت کی جاتی ہے اس گھر سے شیطان نکل جاتا ہے۔" (بخاری۔عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ)

❻ "جو آدمی سورۂ بقرہ کی آخری **2** آیات رات کو (سونے سے پہلے) پڑھے گا تو یہ اس کے لئے (ہر چیز کے شر سے) کافی ہو جائیں گی۔" (بخاری، مسلم۔عن ابی مسعود رضی اللہ عنہ)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ (شروع کرتا ہوں) اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، بے حد رحم کرنے والا ہے

اِنَّآ	اِنَّآ	بے شک ہم	ضمیر جمع متکلم	6
اَعۡطَیۡنٰكَ	اَعۡطَیۡنَا + كَ	ہم نے آپ کو عطا فرمائی (ہے)	اَعۡطَیۡنَا: جمع متکلم فعل ماضی معروف كَ: ضمیر مخاطب	6,8
الۡكَوۡثَرَ	اَلۡ + كَوۡثَرَ	کوثر	اَلۡ: حرف تعریف۔ كَوۡثَرَ: مفعول	7,1
فَصَلِّ	فَ + صَلِّ	پس آپ نماز پڑھئے	فَ: حرف عطف۔ صَلِّ: واحد مذکر فعل امر	12,17
لِرَبِّكَ	لِ + رَبِّ + كَ	اپنے رب کے لئے	لِ: حرف جار۔ رَبِّ: مضاف۔ كَ: مضاف الیہ	2,18
وَانۡحَرۡ	وَ + اِنۡحَرۡ	اور قربانی دیجئے	وَ: حرف عطف۔ اِنۡحَرۡ: واحد مذکر فعل امر	12,17
اِنَّ	اِنَّ	بے شک	حرف مشبہ بالفعل	14
شَانِئَكَ	شَانِئَ + كَ	آپ کا دشمن	شَانِئَ: مضاف۔ كَ: مضاف الیہ	2
هُوَ	هُوَ	ہی	مبتدا	1
الۡاَبۡتَرُ	اَلۡ + اَبۡتَرُ	بے نام ونشان (ہوگا)	اَلۡ: حرف تعریف۔ اَبۡتَرُ: خبر	1

